COPYRIGHT RESERVED

INTERMEDIATE EXAMINATION - 2023 Subject Code: 107/207/307/503

20.23............

Candidates are required to give their answer in their own words as far as praticable

परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें।

Figures in the Margin indicate full marks

दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं।

Time : 3 HOURS 15 MINUTES
समय : (3 घंटे 15 मिनट)

URDU (COMPULSORY)

Full Marks - 100
पूर्णांक - 100

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

I.SC, I.COM, I.A & VOC

Instructions for the Candidate:

1. Candidate must enter his/ her Question Booklet Serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet.

2. Candidate are required to give their answer in their own words as far as practicable.

3. Figures in the left hand margin indicate full marks.

4. 15 minutes of extra time has been allotted for Candidates to read the questions.

5. This question paper is divided into two Sections. Section-A and Section-B.

6. In Section-A, there are 100 objective type questions, out of which only 50 questions are to be answered if more than 50 questions are answered, then only first 50 will be evaluated. Each question carries 1 mark. For answering these darken the circle with blue/ black ball pen against the correct option on OMR Answer Sheet provided to you. Do not use whitener / liquid / blade / nail etc. on OMR Answer

COPYRIGHT RESERVED

20....................

**Candidates are required to give their answer in their own words as far as praticable**

परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें।

**Figures in the Margin indicate full marks**

दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं।

Time :
समय :

Full Marks -
पूर्णांक -

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | Sheet. otherwise result will be treated invalid. | |
| 7. | In Section-B, there are 7 short answer and long answer type questions. Marks indicate left side against each questions. | |
| 8. | Use of any electronic appliances is strictly prohibited. | |
| | ہدایات: | |
| | 1۔ امیدواروں کو OMR جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر (10 ہندسوں میں) لکھنا ہوگا۔ | |
| | 2۔ امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔ | |
| | 3۔ بائیں طرف حاشیے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔ | |
| | 4۔ سوالات پر غور کرنے کے لئے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔ | |
| | 5۔ یہ سوال نامہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ سیکشن-A اور سیکشن-B | |
| | 6۔ سیکشن-A میں 100 معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب دینا ہے۔ اگر 50 سے زائد سوالوں | |
| | کے جواب دیے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لئے نمبر مختص ہے۔ ان کا جواب | |
| | دینے کے لئے مہیا کئے گئے OMR جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو پُر کریں۔ OMR جوابی | |
| | شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ ناقابل قبول ہوگا۔ | |
| | 7۔ سیکشن-B میں 7 مختصر/طویل جواب والے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے لئے بائیں جانب مارکس درج ہیں۔ | |
| | 8۔ کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا ~~استعمال~~ استعمال سختی سے ممنوع ہے۔ | |
| | | |

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | Section-A | |
| | درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس | |
| | سے زیادہ جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے۔ | |
| | 50x1=50 | |
| | ۱۔ فرحت اللہ بیگ نذیر احمد کے گھر کیوں آتے تھے؟ | |
| | (A) پڑھنے کے لئے (B) پڑھانے کے لئے (C) علمی گفتگو کے لئے | |
| | (D) تفریح کے لئے | |
| | 2۔ خواجہ حسن نظامی کی والدہ کا کیا نام ہے؟ | |
| | (A) نسبتی بیگم (B) حرمتی بیگم (C) چہیتی بیگم (D) رجھیتی بیگم | |
| | 3۔ سید سلیمان ندوی کا پہلا مضمون کس اخبار میں شائع ہوا تھا؟ | |
| | (A) الہلال (B) الندوہ (C) البلاغ (D) البدر | |
| | 4۔ انشائیہ کس چیز کی پیداوار ہے؟ | |
| | (A) موافق حالات (B) علم کی گہرائی (C) شگفتہ موڈ (D) ناخوشگوار حالات | |
| | 5۔ ہجرت کس کا انشائیہ ہے؟ | |
| | (A) مجتبیٰ حسین (B) انجم مانپوری (C) احمد جمال پاشا (D) وزیر آغا | |
| | 6۔ فورٹ ولیم کالج کہاں قائم کیا گیا تھا؟ | |
| | (A) کولکاتا (B) دہلی (C) حیدرآباد (D) ~~رام پور~~ رامپور | |
| | 7۔ "ٹوبہ ٹیک سنگھ" کا تعلق کس صنف سے ہے؟ | |
| | (A) خود نوشت (B) ڈرامہ (C) افسانہ (D) مکتوب نگاری | |
| | 8۔ "پرامس" کس کا افسانہ ہے؟ | |

Biharboardquestionpaper.com

(A) جیلانی بانو (B) عصمت چغتائی (C) شکیلہ اختر (D) شفیع جاوید

9۔ شفیع جاوید کس صنف سے وابستہ ہیں؟

(A) شاعری (B) افسانہ (C) انشائیہ (D) خاکہ

10۔ 'ابراہیم سقہ' کس افسانوی مجموعے سے ماخوذ ہے؟

(A) شکستہ بتوں کے درمیان (B) ننگی دوپہر کا سپاہی

(C) معتبر (D) ماہم کی کھاڑی

11۔ مولانا آزاد کے والد کا کیا نام تھا؟

(A) مولانا خیرالدین (B) مولانا بدرالدین (C) مولانا فخرالدین

(D) مولانا شرف الدین

12۔ مرزا فرحت اللہ بیگ کی پیدائش کب ہوئی؟

(A) 1881ء میں (B) 1885ء میں (C) 1886ء میں (D) 1887ء میں

13۔ خواجہ حسن نظامی کہاں مدفون ہوئے؟

(A) مہرولی (B) بستی حضرت نظام الدین (C) قرول باغ (D) لاجپت نگر

14۔ غدر کے واقعات کو افسانوں اور ناولوں کی شکل میں کس نے پیش کی؟

(A) پریم چند (B) حالی (C) ڈپٹی نذیر احمد (D) خواجہ حسن نظامی

15۔ ندوۃ العلماء میں قیام کے دوران سید سلیمان ندوی نے کس رسالے کی ادارت کی؟

(A) الندوہ (B) معارف (C) نقیب (D) البلاغ

16۔ راک فیلر کس چیز کا تجارت کرتا تھا؟

(A) مٹی کا تیل (B) پھل (C) سبزی (D) سرسوں کا تیل

Biharboardquestionpaper.com

17۔ سید سلیمان ندوی کا تعلق کس صوبہ سے تھا؟

(A) بہار (B) یوپی (C) جھارکھنڈ (D) مغربی بنگال

18۔ سیرت النبی کے تعلق سے کیا صحیح ہے؟

(A) اس کے مصنف شبلی نعمانی ہیں۔ (B) اس کے مصنف سید سلیمان ندوی ہیں

(C) اس کے مصنف شبلی نعمانی اور سید سلیمان ندوی دونوں ہیں

(D) اس کے مصنف حالی ہیں۔

19۔ وزیر آغا کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) انشائیہ (B) افسانہ (C) ناول (D) خاکہ

20۔ سیوان سے احمد جمال پاشا کا کیا رشتہ تھا؟

(A) سسرال (B) ننہیال (C) دادیہال (D) تجارت

21۔ 'باغ و بہار' کیا ہے؟

(A) داستان (B) ناول (C) افسانہ (D) تنقید

22۔ سعادت حسن منٹو کب پیدا ہوئے؟

(A) 1910ء (B) 1911ء (C) 1912ء (D) 1913ء

23۔ ہجرت سے کیا مراد ہے؟

(A) وطن کو ہمیشہ کے لئے چھوڑنا (B) پیارے نبیؐ کا مکہ سے مدینہ روانہ ہونا

(C) A اور B دونوں صحیح ہے (D) ان میں سے کوئی نہیں

24۔ جیلانی بانو نے کس افسانہ نگار پر مونوگراف لکھا؟

(A) کرشن چندر (B) پریم چند (C) بیدی (D) سہیل عظیم آبادی

BiharboardQuestionpaper.com

25۔ سید عزیز احمد کو ڈائرکٹر سے ریٹائر ہوئے کتنے برس ہوئے تھے؟

(A) نو سال (B) دس سال (C) آٹھ سال (D) سات سال

26۔ شفیع جاوید کا پہلا افسانہ کس رسالہ میں شائع ہوا؟

(A) ماہنامہ مخزن (B) الپنچ (C) ماہنامہ افق (D) الجدید

27۔ سلام بن رزاق کا پہلا افسانہ کب شائع ہوا؟

(A) 1962ء (B) 1963ء (C) 1964ء (D) 1965ء

28۔ 'سقہ' کے معنی ہیں؟

(A) پانی پلانے والا (B) کھانا کھلانے والا (C) خادم (D) ملازم

29۔ مولانا آزاد پہلی بار کس عمر میں کانگریس کے صدر ہوئے؟

(A) 35 سال (B) 40 سال (C) 42 سال (D) 45 سال

30۔ 'غبار خاطر' میں کتنے خطوط ہیں؟

(A) 14 (B) 16 (C) 20 (D) 24

31۔ احسان دانش کا اصل نام کیا تھا؟

(A) احسن الحق (B) محسن الحق (C) احسان الحق (D) ابرار الحق

32۔ فسانۂ آزاد میں کہاں کی معاشرت پیش کی گئی ہے؟

(A) لکھنو (B) دہلی (C) حیدر آباد (D) پٹنہ

33۔ ملا وجہی کس کتاب کے مصنف ہیں؟

(A) باغ و بہار (B) نوطرز مرصع (C) سب رس (D) رانی کیتکی کی کہانی

34۔ بیدی کا اصل نام کیا ہے؟

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|

(A) کرشن چندر بیدی (B) راجندر سنگھ بیدی (C) بہادر سنگھ بیدی

(D) رام چندر بیدی

35۔ "کوارنٹین" کس کا افسانہ ہے؟

(A) سعادت حسن منٹو (B) جیلانی بانو (C) راجندر سنگھ بیدی

(D) شفیع جاوید

36۔ جے پرکاش نارائن کی پیدائش کس گاؤں میں ہوئی؟

(A) راگھو پور دیارا (B) سِتاب دیارا (C) خطاب دیارا (D) انقلاب دیارا

37۔ نظم "میرا سفر" کا شاعر کون ہے؟

(A) علی سردار جعفری (B) اکبر الہ آبادی (C) عمیق حنفی (D) جوش ملیح آبادی

38۔ علی سردار جعفری کی پیدائش کس ریاست میں ہوئی تھی؟

(A) مہاراشٹر (B) مغربی بنگال (C) آندھرا پردیش (D) اتر پردیش

39۔ ذیل میں کون سی نظم علی سردار جعفری کی ہے؟

(A) گفتگو (B) سفرنامہ (C) جستجو (D) میرا گھر

40۔ عمیق حنفی کا انتقال کہاں ہوا؟

(A) اندور (B) دہلی (C) بھوپال (D) لکھنؤ

41۔ نظم "کھیتی" میں کتنے مصرعے ہیں؟

(A) آٹھ (B) نو (C) دس (D) گیارہ

42۔ تنقید کے موضوع پر عمیق حنفی کی لکھی کتاب کون ہے؟

(A) سیارگان (B) شعلے کی شناخت (C) سنگ پیراہن (D) سندباد

Biharboard Question paper .com

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

43۔ عدالتی خدمات کے صلہ میں کس شاعر کو 'خان بہادر' کا خطاب دیا گیا ہے؟

(A) عمیق حنفی (B) علی سردار جعفری (C) ظفر کمالی (D) اکبر الہ آبادی

44۔ اکبر الہ آبادی کی پیدائش کب ہوئی؟

(A) 1865ء (B) 1853ء (C) 1855ء (D) 1845ء

45۔ اکبر الہ آبادی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(A) برق کلیسا (B) برق رفتار (C) برق کہسار (D) برق رسا

46۔ متشاعر کس کو اپنا سردار مانتا ہے؟

(A) جو دیوانہ کر دے (B) جو دیوان دے دے (C) جو فرمان دے دے (D) جو دیوان نہ دے

47۔ ظفر کمالی کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(A) گوپال گنج (B) سیوان (C) چھپرہ (سارن) (D) ویشالی

48۔ ظفر کمالی کا کون نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(A) گفتگو (B) میرا سفر (C) برق کلیسا (D) متشاعر

49۔ نصاب میں شامل نظم 'ہم نہیں جانتے' کا ترجمہ کس زبان سے کیا گیا ہے؟

(A) انگریزی (B) فرینچ (C) جرمن (D) اطالوی

50۔ یوجینیو مونتالے کس صدی کا عظیم شاعر ہے؟

(A) اٹھارہویں صدی (B) انیسویں صدی

(C) بیسویں صدی (D) اکیسویں صدی

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|

51- مرزا غالب کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) آگرہ (B) دہلی (C) لکھنؤ (D) رامپور

52- "ہے خبر گرم ان کے آنے کی" یہ مصرعہ کس کا ہے ؟

(A) میر (B) سودا (C) درد (D) غالب

53- شاعر اپنے اشعار میں اصل نام کے علاوہ ایک مختصر نام استعمال کرتا ہے، کیا کہلاتا ہے ؟

(A) مقطع (B) مطلع (C) تخلص (D) عرف

54- جس نظم میں خدا کی تعریف بیان کی جاتی ہے، کیا کہلاتا ہے ؟

(A) نعت (B) منقبت (C) حمد (D) قصیدہ

55- کس شاعر کو غالب شکن کہا جاتا ہے ؟

(A) شمیم حنفی (B) یگانہ چنگیزی (C) علی سردار جعفری (D) خلیل الرحمٰن اعظمی

56- یگانہ چنگیزی کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 1882ء (B) 1878ء (C) 1884ء (D) 1885ء

57- خلیل الرحمٰن اعظمی کی وفات کہاں ہوئی ؟

(A) علی گڑھ (B) اعظم گڑھ (C) کانپور (D) سہارنپور

58- "زندگی اے زندگی" کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(A) علی سردار جعفری (B) جوش (C) خلیل الرحمٰن اعظمی (D) ابن انشاء

59- عطا کاکوی کی وفات کب ہوئی ؟

(A) 1997ء (B) 1998ء (C) 1999ء (D) 2000ء

Biharboard Questionpaper.com

60۔ قطعۂ تاریخ غم ارشد میں عقیل و جمیل نام کے دو بچوں کا ذکر ہے۔ یہ
دونوں بچے عطا کاکوی کے کون ہیں؟

(A) بیٹے (B) نواسے (C) پوتے (D) بھتیجے

61۔ 'نوسرہار' کے مصنف کون ہیں؟

(A) غواصی (B) اشرف بیابانی (C) قلی قطب شاہ (D) سودا

62۔ میر انیس کی پیدائش کب ہوئی؟

(A) 1800ء (B) 1801ء (C) 1802ء (D) 1803ء

63۔ رجز کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) مرثیہ (B) غزل (C) مثنوی (D) قصیدہ

64۔ شاعر انقلاب کسے کہا جاتا ہے؟

(A) غالب (B) جوش (C) اکبر الہ آبادی (D) چکبست

65۔ مجاز لکھنوی کا علاج کس پاگل خانہ میں ہوا تھا؟

(A) آگرہ (B) ممبئی (C) رانچی (D) دہلی

66۔ کس شاعر کو شمال اور جنوب کے درمیان ایک پل تصور کیا جاتا ہے؟

(A) میر (B) علی سردار جعفری (C) ولی دکنی (D) مومن

67۔ راسخ کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(A) گیا (B) لکھنؤ (C) عظیم آباد (D) الہ آباد

68۔ ایسی نظم کو کیا کہتے ہیں جس میں کسی کی تعریف بیان کی جاتی ہے؟

(A) قطعہ (B) مرثیہ (C) قصیدہ (D) مثنوی

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 69- قصیدہ نگاری کا نقاش اول کسے کہا جاتا ہے ؟ | |
| | (A) سودا (B) میر (C) درد (D) غالب | |
| | 70- ساحر لدھیانوی کو کس خطاب سے نوازا گیا ؟ | |
| | (A) پدم بھوشن (B) پدم شری (C) پدم وی بھوشن (D) بھارت رتن | |
| | 71- مثنوی سحر البیان کے مصنف کون ہیں ؟ | |
| | (A) نسیم (B) میر حسن (C) مصحفی (D) مرزا شوق | |
| | 72- حرف عطف کی مثال ہے۔ | |
| | (A) اور (B) کا (C) کے (D) کی | |
| | 73- واؤ مجہول کی مثال ہے ؟ | |
| | (A) مور (B) درخواست (C) خواب (D) حور | |
| | 74- رقم کی جمع ہے۔ | |
| | (A) رقومات (B) رقائم (C) رقوم (D) راقم | |
| | 75- "زید نے پان کھایا" اس جملہ میں پان کیا ہے ؟ | |
| | (A) اسم (B) فعل (C) فاعل (D) مفعول | |
| | 76- "تابش آیا۔ وہ کھانا کھایا۔" اس میں "وہ" کیا ہے ؟ | |
| | (A) صفت (B) موصوف (C) ضمیر (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | 77- ماضی ناتمام کی مثال کون ہے ؟ | |
| | (A) وہ گیا (B) وہ جا چکا ہے (C) وہ گیا تھا (D) وہ جاتا تھا | |
| | 78- درج ذیل میں مذکر کون ہے ؟ | |

BiharboardQuestionpaper.com

Wasique

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) ہاتھی (B) چھتری (C) بجلی (D) سوئی | |
| | 79- اعراب کسے کہتے ہیں ؟ | |
| | (A) زبر کو (B) زیر کو (C) پیش کو (D) زبر، زیر اور پیش کو | |
| | 80- عالم کی ضد کیا ہوگی ؟ | |
| | (A) جاہل (B) عاقل (C) غافل (D) شاکر | |
| | 81- درج ذیل میں ماضی تمنائی کی نشاندہی کیجیے۔ | |
| | (A) وہ آتا تھا (B) تم آتے ہو (C) اگر میں آتا (D) وہ آیا ہوگا | |
| | 82- "حامد روٹی کھاتا ہے" - اس جملہ میں 'روٹی' کیا ہے ؟ | |
| | (A) اسم فاعل (B) اسم مصدر (C) اسم مفعول (D) اسم حالیہ | |
| | 83- "ہم لوگ انٹرمیڈیٹ امتحان کی تیاری کر رہے ہیں" - اس جملہ میں | |
| | 'ہم لوگ' کون سا صیغہ ہے ؟ | |
| | (A) واحد غائب (B) واحد حاضر (C) جمع متکلم (D) جمع غائب | |
| | 84- "راشد کا قلم لال ہے" - اس جملہ میں 'لال' کیا ہے ؟ | |
| | (A) موصوف (B) صفت (C) فاعل (D) فعل | |
| | 85- درج ذیل میں ماضی شکیہ کی نشاندہی کیجیے۔ | |
| | (A) وہ آیا ہوگا (B) تم آتے تھے (C) میں کھایا (D) تم جاتے ہو | |
| | 86- 'جدید' کی ضد کیا ہوگی ؟ | |
| | (A) قدیم (B) پرانی (C) نئی (D) بالکل نئی | |
| | 87- عبادت کی جمع کیا ہوگی ؟ | |

Biharboardquestionpaper.com

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

(A) عبادات (B) عابد (C) عبدیت (D) معبود

88- ذیل میں مذکر کون ہے؟

(A) اذان (B) نعمت (C) نماز (D) حج

89- ذیل میں کون سا لفظ مؤنث ہے؟

(A) باغ (B) جنگل (C) شیر (D) شہرت

90- ان میں سے کون سا جملہ درست ہے؟

(A) ہم لکھتا ہوں (B) ہم لکھے ہیں

(C) ہم لکھتے ہیں (D) ہم لکھی ہے

91- ضمیر کے کتنے صیغے ہوتے ہیں؟

(A) پانچ (B) چھ (C) چار (D) سات

92- ظالم کا اسم مفعول کیا ہوگا؟

(A) ظلم (B) ظلمت (C) مظلوم (D) ظالمین

93- درج ذیل میں سابقہ کی نشاندہی کیجئے۔

(A) باادب (B) نظربند (C) کتب خانہ (D) عقل مند

94- "تم کہاں جا رہے ہو؟" یہ کیسا جملہ ہے؟

(A) خبریہ (B) دعائیہ (C) ندائیہ (D) استفہامیہ

95- "غرض" کا ہم صوت لفظ کیا ہوگا؟

(A) عرش (B) اراضی (C) ارض (D) ابد

96- واؤ معدولہ ذیل کے کس لفظ میں ہے؟

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) خوب (B) نور (C) خون (D) خواب | |
| | 97۔ درج ذیل میں لاحقہ تلاش کریں - | |
| | (A) بے وقوف (B) بے شک (C) باخبر (D) عقل مند | |
| | 98۔ 'خانساماں' کے کیا معنی ہیں ؟ | |
| | (A) مریض (B) سامان بیچنے والا (C) کھانا پکانے والا (D) سامان کا ذمہ دار | |
| | 99۔ "نو دو گیارہ ہونا" کیا ہے ؟ | |
| | (A) کہاوت (B) محاورہ (C) مقولہ (D) جملہ | |
| | 100۔ ماضی تمنائی کا دوسرا نام کیا ہے ؟ | |
| | (A) ماضی ناتمام (B) ماضی مطلق (C) ماضی شرطیہ (D) ماضی قریب | |
| | | |
| | section-B | |
| | 1. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے : 1×8=8 | |
| | (a) تعلیم نسواں | |
| | (b) ہمارا دیش | |
| | (c) مولانا ابوالکلام آزاد | |
| | (d) میرا پسندیدہ شاعر | |
| | 2. مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے : 2×2=4 | |
| | (a) کتنے شیریں ہیں تیرے لب کہ رقیب | |
| | گالیاں کھا کے بے مزہ نہ ہوا | |

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (ط) جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی | |
| | حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا | |
| | (ج) عالم ہے مکدّر کوئی دل صاف نہیں ہے | |
| | اس دور میں سب کچھ ہے پر انصاف نہیں ہے | |
| | (د) جس کی گفتار میں نہیں ہے مزہ | |
| | سخن اس کا طعام باسی ہے | |
| | 3۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجئے: 1x4=4 | |
| | "ہمارے پڑھنے کا یہ طریقہ تھا کہ ایک روز میں پڑھتا تھا، دوسرے | |
| | روز میاں دانی۔ اب اس کو ہماری شرارت کہو یا محض اتفاق، ہم دونوں | |
| | چپکے بیٹھے رہے۔ جب اس خاموشی نے طول کھینچا تو مولوی صاحب نے کہا: | |
| | ارے بھئی آج تم پڑھتے کیوں نہیں؟ کیا منہ میں گھنگھنیاں بھر کر آئے ہو؟" | |
| | یا | |
| | "انشائیہ کا بھی ایک مختصر سا میدان ہے جس کے اندر انشائیہ لکھنے والا | |
| | آپ کو تصویر کا ایک مخصوص رخ دکھاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جب تک وہ جذبات، | |
| | احساسات اور تخیلات میں کانٹ چھانٹ اور کفایت کا قائل نہ ہو، اس | |
| | کے لئے چند لفظوں میں موضوع کی سب سے نوکیلی کیفیات کو پیش کرنا مشکل | |
| | ہوگا۔" | |
| | 4۔ اپنے والد کو خط لکھو جس میں انٹرمیڈیٹ امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔ | |
| | 1x5=5 | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | یا | |
| | اپنے کالج کے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں مقابلۂ کھیل کے انعقاد | |
| | کی گزارش کی جائے۔ | |
| ⑤ | ⑤ - درج ذیل سوالوں میں سے صرف پانچ کے مختصر جواب دیجئے: 5×2=10 | |
| | (a) بھوک توڑنے کی اصطلاح کیا ہے؟ | |
| | (b) کس کے مقابلے میں مہذب انسان معذور رہے؟ | |
| | (c) لاہور پاگل خانے کے ہندو اور سکھ کہاں بھیجے جا رہے تھے؟ | |
| | (d) 'انڈیا وِنس فریڈم' کس کی کتاب ہے؟ | |
| | (e) روی رنجن کون تھے؟ | |
| | (f) علی سردار جعفری کے دو نظموں کے نام لکھیں۔ | |
| | (g) کیا 'کھیتی' ایک پابند نظم ہے؟ | |
| | (h) 'مشاعرہ' کس طرح کی نظم ہے؟ | |
| | (i) غالب نے وظیفہ خوار کس کو کہا ہے؟ | |
| | (j) میر انیس کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟ | |
| ⑥ | 6 - مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کا جواب دیجئے: 3×5=15 | |
| | (a) جیلانی بانو کے افسانہ 'پرامس' میں انّو کے دکھی رہنے کا سبب کیا ہے؟ | |
| | (b) احمد جمال پاشا نے خانہ بدوشوں کو 'زندگی کا کمہار' کیوں کہا ہے؟ واضح | |
| | کیجئے: | |
| | (c) پیٹ کے لئے کھانوں میں سب سے زیادہ ضروری کھانا کون سا ہے؟ اس | |

BiharBoardQuestionPaper.com

کے متعلق سید سلیمان ندوی کے خیالات واضح کیجئے۔

(d) مرثیہ کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔

(e) مطلع کی تعریف بیان کیجئے اور کسی غزل کا ایک مطلع لکھ کر سمجھائیے۔

(f) ساحر لدھیانوی کی حیات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

7- درج ذیل عبارت کی تلخیص پیش کیجئے: $1 \times 4 = 4$

"شام کو میں نے امیر علی سے ابراہیم سقہ کا ذکر کیا کہ کل مغرب بعد وہ مجھے اپنی شاعری سنانے آرہا ہے۔ امیر ہنس دئے۔ امیر علی کو شعر و شاعری سے کوئی شغف نہیں تھا۔ وہ ایک بسیار خور اور بسیار خواب انسان تھے۔ وہ مدرسی کے پیشے میں بھی صرف اس لئے آئے تھے کہ اس میں محنت کم اور آرام زیادہ تھا۔ البتہ وہ ٹیوشن خوب کرتے تھے۔ دھون گاؤں کے لوگ کافی خوش حال تھے۔ تجارت اور زراعت ان کے اہم پیشے تھے۔ ابھی یہاں تعلیم کا چلن عام نہیں تھا۔ تاہم وہ پرائمری اسکول کی حد تک بچوں کو ضرور تعلیم دلواتے۔"

یا

درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے:

(a) کامل انقلاب

(b) ہجرت

(c) برق کلیسا

— X —